**Shabbir / Fazil**

**16-07-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

----------------------------------------------------------------

1- مرکزی کابینہ نے اترپردیش میں وارانسی کیلئے 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے سطح زمین سے اوپر دو سڑک پروجیکٹوں کو منظوری دے دی ہے۔

2- ریلوے کی وزارت نے ٹرین کے ٹکٹ Book کرنے کے عمل کو اور زیادہ سہل اور سازگار بنانے کی خاطر IRCTC ویب سائٹ کے نئے Beta سلسلے کا آغاز کیا ہے۔

3- بھگوان جگنّاتھ اور اُن کے دو بھائی-بہنوں کی عالمی شہرت یافتہ رتھ یاترا آج اُڈیشہ کے شہر Puri میں شروع ہو رہی ہے۔

4- امریکہ نے کہا ہے کہ اُس نے آبنائے ہُرمز میں بحری جہازوں کے تحفظ کے مقصد سے ایران پر پھر حملے کیے ہیں۔

5- فٹبال میں، موجودہ چیمپئن ارجنٹینا، انگلینڈ کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہراکر فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے، جہاں اُس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین-ایک روزہ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج شام Cardiff میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet Projects

مرکزی کابینہ نے اترپردیش میں وارانسی کیلئے 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے سطح زمین سے اوپر دو شاہراہ پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے وارانسی میں، سڑک کنیکٹی وِٹی کو بہتر بنانے اور سفر میں لگنے والا وقت کم سے کم کرنے کی خاطر اِن پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں، نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 6 لین والے گرین فیلڈ Elevated کوریڈور کے علاوہ دوسرا پروجیکٹ وارانسی شہر میں تقریباً 43 کلو میٹر طویل Elevated کوریڈور سے متعلق ہے، جس میں 6 اور 4 لین ہوں گی۔ اس پر تقریباً 11 ہزار کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔

S/B - Ashwini Vaishnaw Kashi 38 sec

مرکزی کابینہ نے بھارت کے سیمی کنڈکٹر ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ ایکو نظام کو مستحکم بنانے کیلئے ایک لاکھ 27 ہزار 500 کروڑ روپے کے اخراجات کے ساتھ Semicon کے دوسرے مرحلے کو بھی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ Semicon کے پہلے مرحلے کی رفتار کو آگے بڑھاتے ہوئے مذکورہ اسکیم کا مقصد عالمی سطح پر سیمی کنڈکٹر منظرنامے پر بھارت کو آگے رکھنے کے سرکار کے عہد کے سلسلے میں قدم بڑھانا ہے۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ Semicon کے دوسرے مرحلے کے تحت 4 لاکھ کروڑ روپے کی مالیت کی سرمایہ کاری ہونے کی امید ہے۔

S/B - ED Vaishnav Semicon 31 sec

جناب ویشنو نے کہا کہ مرکزی کابینہ نے 62 ہزار 500 کروڑ روپے کے اخراجات کے ساتھ موبائل فون تیار کرنے کی اسکیم کو بھی منظوری دی ہے۔

## PM Haryana Punjab Visit

وزیراعظم نریندر مودی کل ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم ہریانہ میں Jind ریلوے اسٹیشن پر Jind اور سونی پت کے درمیان بھارت کی پہلی ہائیڈروجن ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ جناب مودی Jind کے Eklavya اسٹیڈئم میں تقریباً 14 ہزار 700 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور انھیں ملک کے نام وقف کریں گے۔x

## IRCTC Website

ریلوے کی وزارت نے ٹرین کے ٹکٹ Book کرنے کے عمل کو اور زیادہ سہل اور سازگار بنانے کی خاطر انڈین ریلوے Catering اور ٹورِزم کارپوریشن IRCTC ویب سائٹ کے نئے Beta سلسلے کا آغاز کیا ہے۔

IRCTC نے، اس نئی Beta ویب سائٹ کو بہتر بناتے ہوئے چار اہم اقدامات کیے ہیں۔ مسافر اب سبھی زمروں میں سیٹوں کی دستیابی کو دیکھ سکیں گے۔ اس کے علاوہ ٹکٹ بُک کرنے کا عمل اب اور زیادہ سہل ہو جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ویب سائٹ میں اب مسافروں کی تفصیلات محفوظ رہیں گی، جس سے اُنہیں دوبارہ بُکنگ کرنے میں آسانی ہوگی۔ اس کیلئے ویب سائٹ کا پتہ ہے۔

irctc.co.in/eticket/

Red Fort Closure

دلّی کے تاریخی لال قلعے کامپلیکس کو 15 اگست کو ہونے والی 80 ویں یومِ آزادی کی تقریبات تک عوام کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ یومِ آزادی کے جشن کیلئے جاری تیاریوں کے مدنظر محکمۂ آثارِ قدیمہ نے اس سلسلے میں ایک حکم نامہ جاری کیا ہے۔ محکمے کے ایک اعلیٰ اہلکار نے کہا کہ یومِ آزادی سے قبل ہر سال اس طرح کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں۔x

MP International Flight

مدھیہ پردیش سے پہلی بین الاقوامی فلائٹ سروس کا آغاز کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے اندور سے متحدہ عرب امارات کی راجدھانی ابوظبی کیلئے پہلی براہِ راست پرواز کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

اِس موقعے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم مودی کا ہمیشہ سے یہ ماننا ہے کہ ایک عام آدمی کو بھی ہوائی جہاز میں سفر کرنے کا موقع ملنا چاہیے۔ ریاست کی Aviation پالیسی اسی نظریے کے تحت تیار کی گئی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Puri Rath Yatra

اُڈیشہ کے شہر Puri میں، بھگوان جگنّاتھ، بڑے بھائی بھگوان بَل بھدر اور چھوٹی بہن دیوی سُبھدرا کی عالمی شہرت یافتہ رتھ یاترا آج شروع ہو رہی ہے۔ رتھ یاترا کے سالانہ فیسٹیول کے دوران بھگوان جگنّاتھ اور اُن کے دو بھائی-بہن مخصوص رتھوں میں Gundicha مندر جاتے ہوئے لوگوں کو درشن کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

رتھ یاترا کو دیکھنے کیلئے ملک اور بیرونِ ملک سے لاکھوں عقیدتمند وہاں جمع ہوئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Prakash Das

بھگوان جگنّاتھ، بھگوان بَل بھدر، دیوی سُبھدرا اور بھگوان سُدرشن Sri Gundicha مندر کے اپنے سالانہ سفر پر روانہ ہو رہے ہیں اور Puri کے پوِتر شہر کی فضا جے جگنّاتھ، جے جگنّاتھ کی عقیدتمندوں کے نعروں سے گونج رہی ہے۔ Puri میں آج صبح سویرے سے تیز بارش ہونے کے باوجود لاکھوں عقیدتمند بارش کی پرواہ نہ کرتے ہوئے پوِتر رتھوں کا انتظار کر رہے ہیں۔ اس کیلئے سکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ خراب موسم کے تناظر میں حکام چوکسی برت رہے ہیں۔ موسمیات محکمے نے خلیجِ بنگال کے اوپر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے زیر اثر Puri میں بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

اُدھر جھارکھنڈ میں سالانہ رتھ یاترا پوری ریاست میں روایتی جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ ہو رہی ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Mahvish - Rath Yatra

رانچی کے Dhruwa میں تاریخی جگن ناتھ پور کے مندر میں آج صبح مذہبی رسومات کا آغاز ہوگیا ہے۔ دوپہر بعد دیوی دیوتاؤں کو رتھ پر وِراجمان کرائے جانے کے بعد شام پانچ بجے رتھ یاترا مَوسی باڑی کے لئے روانہ ہوگی۔ ضلع انتظامیہ نے CCTV نگرانی اور بڑی تعداد میں سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی سمیت وسیع حفاظتی انتظامات کیے ہیں۔ Khunti میں مقامی انتظامیہ نے کل تاریخی رتھ میلے کے لئے کیے گئے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔
رانچی سے مہوش رحمٰن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

گجرات میں، احمد آباد کے جمال پور علاقے میں بھی 400 سال قدیم جگنّاتھ مندر سے بھگوان جگنّاتھ کی 149 ویں رتھ یاترا شروع ہوگئی ہے۔ اس کیلئے سخت سکیورٹی بندوبست کیا گیا ہے۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند درشن کیلئے مندر کے احاطے میں اکٹھا ہوئے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aparna Khunt

احمد آباد میں، آج اشاڑھ شُکل Dwitiya کے شُبھ موقع پر بھگوان جگنّاتھ کی سالانہ رتھ یاترا پوری مذہبی عقیدت اور دھوم دھام کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔
آج صبح مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمال پور میں تاریخی جگنّاتھ مندر میں، Mangala Aarti میں شرکت کی اور بھگوان کا آشیرواد لیا۔ اس کے بعد ریاست کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے سنہری جھاڑو سے رتھوں کے راستے کو صاف کرنے کی علامتی Pahind Vidhi کی رسم انجام دی اور باضابطہ طور پر رتھ یاترا کا آغاز کیا۔
بھگوان جگنّاتھ، اُن کے بھائی بَل بھدر اور بہن دیوی سُبھدرا کے عظیم الشان رتھ، درجنوں اکھاڑوں، بھجن منڈلیوں اور لوک رقص کرتے ہوئے گروپوں کے ہمراہ سولہ کلو میٹر کے روایتی راستے سے گزر رہے ہیں۔
احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............
مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جگنّاتھ رتھ یاترا کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ عالمی شہرت یافتہ جگنّاتھ رتھ یاترا پختہ عقیدے، اعتماد اور بھکتی کی علامت ہے۔
انہوں نے کہا کہ اس پوِتر رتھ یاترا سے بھارت کے شاندار ثقافتی ورثے اور بھگوان کے تئیں غیر متزلزل عقیدت کی عکاسی ہوتی ہے۔×

Keralam Sabarimala

کیرالم میں، سبری مالا مندر کے کپاٹ ماہانہ پوجا ارچنا کیلئے آج کھولے جا رہے ہیں۔ یہ مندر اس مہینے کی 21 تاریخ تک درشن کیلئے کھلا رہے گا۔ عقیدتمندوں کو قطار کے ورچوئل نظام کے ذریعے ہی وہاں داخل ہونے کی اجازت ہوگی، تاکہ لوگوں کی بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ نہ ہو سکے۔×

US Iran Strike

امریکہ نے کہا ہے کہ اُس نے آبنائے ہُرمز میں بحری جہازوں کے تحفظ کے مقصد سے ایران پر پھر حملے کیے ہیں۔ امریکی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے آبنائے ہُرمز میں بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کی ایران کی صلاحیت کو کمزور کرنے کیلئے کل بھی ایران پر حملے کیے۔

اُدھر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اہمیت کی حامل آبی گزرگاہ پر ایران کی گرفت کو کمزور کرنے کی خاطر فوجی کارروائی کا دائرہ بڑھانے کے مختلف متبادل راستوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

ایران نے، دعویٰ کیا ہے کہ اُس نے بحرین اور کویت سمیت خطّے میں امریکی فوج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔

ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایران کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔×

FIFA World Cup

اب کچھ خبریں فیفا ورلڈ کپ کی۔

0815 - FIFA Opening Song

موجودہ چیمپئن ارجنٹینا، فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے، جہاں اُس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔ امریکہ کے Atlanta اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں ارجنٹینا نے انگلینڈ کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔

وقفے سے پہلے کوئی بھی ٹیم گول نہیں کر سکی تھی، لیکن کھیل کے 55 ویں منٹ میں Anthony Gordon نے انگلینڈ کی طرف سے پہلا گول کیا۔ ارجنٹینا کے Enzo Fernandez نے 85 ویں منٹ میں گول کر کے اسکور برابر کر دیا، جبکہ Lautaro Martinez نے 90 ویں منٹ میں گول کر کے دو-ایک سے ارجنٹینا کی جیت میں اہم رول ادا کیا۔

اب اتوار کی رات کو فائنل میں ارجنٹینا اور اسپین کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

0815 - FIFA Closing Song

Cricket Ind Vs Eng

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین-ایک روزہ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج شام Cardiff میں Sophia Gardens میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔بھارت کو اس سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت نے منگل کو برمنگھم میں پہلے ایک روزہ میچ میں انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہرایا تھا۔ سیریز کا تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ اتوار کو لندن میں لارڈز کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج اروناچل پردیش، مغربی بنگال میں گنگا کی ترائی والے علاقے اور اُڈیشہ میں کہیں کہیں شدید سے لیکر بہت شدید بارش ہونے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

موسمیات محکمے نے، اگلے دو-تین دن کے دوران پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، مشرقی راجستھان، مغربی راجستھان اور مغربی اترپردیش میں کہیں کہیں بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ جبکہ آندھراپردیش،تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل کے بعض حصوں میں آج شدید گرمی کا امکان ظاہر کیا ہے۔

دلّی میں، جزوی طور پر بادل چھائے رہنے اور ہوا میں نمی کے ساتھ موسم گرم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

India Belgium

بھارت اور بیلجئم نے، مختلف شعبوں میں اشتراک کو مزید مستحکم بنانے سے اتفاق کیا ہے۔ اِن میں تجارت، سرمایہ کاری، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی سمت منتقلی، اختراع، ٹکنالوجی، کنیکٹی وِٹی، دفاع، سکیورٹی، علاقائی اور عالمی امور کے ساتھ ساتھ عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

کل برسلز میں، بھارت-بیلجئم کلیدی مذاکرات کی پہلی میٹنگ ہوئی، جو ایک زیادہ منظّم اور جامع ساجھیداری کے ذریعے باہمی تعلقات کومستحکم بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔

Bharat Tex MP CM

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں جاری بھارت ٹیکس 2026 میں شرکت کریں گے۔ وہ ٹیکسٹائل کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ملک اور بیرونِ ملک کے سرکردہ سرمایہ کاروں اور صنعتی رہنما سے ملاقات کریں گے۔ وزیراعلیٰ ریاست کی صنعت کیلئے سازگار پالیسیاں پیش کریں گے۔ وہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر بھی کریں گے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ ۔کلیم احمد

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ پرتاپ نے بھارت اور برطانیہ کے درمیان ہوئے جامع اقتصادی اور تجارتی معاہدے کے نافذ العمل ہونے کی خبر کو اپنے پہلے صفحۂ کی بڑی خبر کے طور پر شائع کیا ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ یہ بھارت برطانیہ شراکت داری میں ایک اہم لمحہ ہے۔راجیہ سبھا کے چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں دو نو منتخب ارکان منصور علی خاں اور جنیش کمار اگروال کو راجیہ سبھا کی رکنیت کا حلف دلایا۔ اس خبر کو پرتاپ نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔سرکار نے 62 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والی موبائل مینوفیکچرنگ اسکیم کو منظوری دی ہے۔ اس خبر کو کئی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اخبارات کی چند بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

- امریکہ ایران جنگ میں شدت، دونوں جانب سے بمباری جاری۔
- ایرانی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی، تہران کی تمام راستوں کو بند کرنے کی دھمکی
- صدر ٹرمپ نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں سے ٹول وصول کرنے کا فیصلہ واپس لیا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی کابینہ نے اترپردیش میں وارانسی کیلئے 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے سطح زمین سے اوپر دو سڑک پروجیکٹوں کو منظوری دے دی ہے۔
2- ریلوے کی وزارت نے ٹرین کے ٹکٹ Book کرنے کے عمل کو اور زیادہ سہل اور سازگار بنانے کی خاطر IRCTC ویب سائٹ کے نئے Beta سلسلے کا آغاز کیا ہے۔
3- بھگوان جگناتھ اور اُن کے دو بھائی-بہنوں کی عالمی شہرت یافتہ رتھ یاترا آج اُڈیشہ کے شہر Puri میں شروع ہو رہی ہے۔
4- امریکہ نے کہا ہے کہ اُس نے آبنائے ہُرمز میں بحری جہازوں کے تحفظ کے مقصد سے ایران پر پھر حملے کیے ہیں۔
5- فٹبال میں، موجودہ چیمپئن ارجنٹینا، انگلینڈ کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہراکر فیفا ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے، جہاں اُس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔
6- اور مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین-ایک روزہ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج شام Cardiff میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---